وہ پرنور چہرہ کہ جس کا نام لے کر بادلوں سے بارش مانگی جاتی ہے۔ جو یتیموں کا ٹھکانہ اور بیواؤں کا سہارا ہے۔

جو صحابہ کرام مدائح نبویہ میں زیادہ مشہور ہوئے، ان میں حضرت حسان بن ثابتؓ، کعب بن مالکؓ، عبد اللہ بن رواحہؓ، عامر بن سنانؓ، ثابتؓ بن قیس بن شماس اور کعب بن زبیرؓ کے اسمائے گرامی زیادہ امتیازی شان رکھتے ہیں۔ (۳)

منظوم سیرت نگاری کی مثالیں تو بہ کثرت ملتی ہیں، البتہ منظوم اختصاصی سیرت نگاری کی مثالیں نسبتاً کم ہیں، چند کتب کے نام مقالے کے ضمیمے میں شامل کر دیے گئے ہیں۔

اب اگر منظوم سیرت نگاری کے تربیتی پہلو پر بات کی جائے تو شعر کو ہمیشہ سے شعور کے ساتھ خاص تعلق رہا ہے۔ وہ بہ راہِ راست جذبات پر اثر انداز ہوتا ہے۔ المورد (عربی، انگریزی) میں شعر کا عربی معنی حس اور ادراک ہے، جب کہ انگریزی معانی میں to be aware of, to feel, sense,.. realize. to be concious of, cognizant of. لکھے ہیں، جن سب کا تعلق ظاہر ہے کہ شعور اور جذبات کے ساتھ ہے، لسان العرب میں شعر کے مادے کی وضاحت یوں ہے:

شَعَرَ لِكَذَا: إذا فطِنَ له

(بھانپ لینا، شعور سے جان لینا)

وشَعِرَ : إذا مَلَكَ.....والشّعر منظوم القول، غلب عليه لشرفه بالوزن والقافية، وإن كان كل علم شعرا (۴)

شعر سے مراد منظوم کلام ہے، یہ نام اس کے ساتھ اس لیے خاص ہو گیا کہ اس میں وزن اور قافیہ پایا جاتا ہے، اگر چہ بالعموم ہر علم ہی شعر ہوتا ہے۔

شعار اور شعائر وغیرہ بھی اسی مادے سے ماخوذ ہیں۔ مدائح نبویہ میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ وابستگی اور شیفتگی کا کیا انداز ہوتا تھا، اس کی ایک مثال حضرت حسانؓ کے یہ دو اشعار ہیں:

وأحسن منك لم تر قط عيني
وأجمل منك لم تلِد النساء
خلقتَ مبراءً من كل عيب
كأنك قد خلقتَ كما تشاء (۵)

تجھ سے حسین تر میری آنکھ نے کبھی نہیں دیکھا۔ اور تجھ سے خوب تر کبھی عورتوں نے جنا نہیں۔ آپ تو ہر عیب سے پاک پیدا ہوئے۔ لگتا یوں ہے جیسے آپ اپنی مرضی کے مطابق پیدا ہوئے۔

مضمون کی عمدگی کے لحاظ سے منظوم سیرت نگاری کی ایک مثال حضرت عبداللہ بن رواحہ انصاری کا یہ شعر بھی ہے

لولم تكن فيه آيات مبينة
كانت بديهته تنبيك بالخبر (٦)

اگر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات سے واضح معجزات کا ظہور نہ بھی ہوتا تو یقیناً ان کی فطری علامات تمہیں ان کے بارے میں بتا دیتیں۔

سیرت کا یہ تربیتی اثر حضرت حسانؓ کے اس شعر سے خوب واضح ہوتا ہے:

ماإن مدحتُ محمدا بمقالتِي
ولكن مدحتُ مقالَتِي بمحمد (٧)

یہ بات نہیں کہ میں نے شعر کہہ کر محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی مدح کی ہے۔ حقیقت تو یہ ہے کہ میں نے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا نام لے کر اپنے شعر کو قابلِ تعریف بنا لیا ہے۔

اس سے اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ جہاں وابستگی اور شیفتگی کا یہ انداز ہو، وہاں اطاعت اور جانثاری کا کیا عالم ہوگا۔ اختصاصی منظوم سیرت نگاری پر مشتمل کچھ کتب کا ذکر ضمیمے میں کر دیا گیا ہے، البتہ فوری مثال کے طور پر مولانا حبیب الرحمٰن دیوبندی کی لامیۃ المعجزات، ان ہی کی بائیۃ المعجزات، سید انور شاہ کشمیری کی قصیدہ دالیہ، جو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے اسمائے گرامی کے بارے میں ہے، مولانا ادریس کاندھلویؒ کی لامیۃ المعراج اور ریاض حسین زیدی صاحب کی جمال سید لولاک وغیرہ کے نام پیش کیے جا سکتے ہیں۔ (۸)

بیانیہ اسلوب

اختصاصی سیرت نگاری کے بیانیہ اسلوب کی تاریخ دورِ صحابہؓ سے ہی شروع ہو جاتی ہے۔ سیرت کی اس جہت کو اس نام سے نہ سہی، علومِ سیرت کے نام سے پروفیسر ڈاکٹر محمود احمد غازیؒ نے محاضراتِ سیرت کے دوسرے خطبے میں بیان فرمایا ہے، جس میں سے اختصاصی سیرت نگاری کی کچھ عمدہ مثالوں سے اس

مقالے میں بھی استفادے کی سعادت حاصل ہوئی ہے۔

سیرتِ طیبہ کا سب سے نمایاں پہلو، جس کے تعلیم و تعلم کا اہتمام صحابہ کرام نے اختصاصی انداز سے فرمایا، وہ حدیث پاک تھی، جس میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاداتِ مبارکہ، آپ کے اعمال مبارکہ اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے تائیدی رویے، یعنی تقریری انداز شامل تھے۔ حدیث پاک کے حفظ اور تعلیم و تعلم کے لیے صحابہ کرامؓ نے غیر معمولی اہتمام فرمایا اور اس کے ابلاغ و ارشاد کا بھی ان لوگوں میں عام رواج تھا، اور اس کے لیے بہت سے صحابہ کرامؓ نے اپنے ہاں مجموعے تیار کر رکھے تھے، جن میں سے مثال کے طور پر حضرت ابو ہریرہؓ، حضرت انسؓ، حضرت عمرو بن العاصؓ، حضرت ابو بکر صدیقؓ، حضرت سمرہ بن جندبؓ، حضرت سعد بن عبادہؓ، حضرت عبداللہ بن مسعودؓ اور دیگر حضرات کے مجموعوں کا ذکر کیا جا سکتا ہے۔ ڈاکٹر محمد حمید اللہؒ نے خطبات بہاولپور میں کئی اور مجموعوں کا بھی تذکرہ کیا ہے۔(۹)

کچھ عرصہ گزرنے کے بعد سیرت کے ایک اور پہلو کا صحابہ کرامؓ کے درمیان زیادہ اہتمام کیا جانے لگا۔ یہ پہلو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے حلیہ مبارکہ کا تھا۔

سیرت کی کتابوں میں پندرہ سے زیادہ افراد کے نام ملتے ہیں، جو حلیہ مبارکہ بیان کرنے کے ماہر سمجھے جاتے تھے۔ حضرت علی ابن ابی طالبؓ، حضرت انس بن مالکؓ، حضرت ابو ہریرہؓ، حضرت عائشہ صدیقہؓ جیسے بزرگوں کے نام نمایاں ہیں۔ حضرت خدیجہؓ کے صاحب زادے ہند بن ابی ہالہؓ کے بارے میں منقول ہے۔

كان وصّافاً لحلية رسول الله صلى الله عليه وسلم (۱۰)

اس کے بعد چوتھا موضوع، جس نے تخصص کا مقام پایا، وہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے مغازی ہیں۔ اس موضوع پر اختصاصی اہتمام کی ابتدا حضرت عُروہ بن زبیرؒ اور حضرت ابان بن عثمان ذوالنورینؓ سے ہوئی۔ حضرت ابانؒ اپنے شاگردوں کو مغازی کی تعلیم بھی دیتے تھے اور اپنے مجموعے کا املا بھی کروایا کرتے تھے۔ اسی طرح حضرت عروہ بن زبیرؒ نے بھی کہ حضرت اسماءؓ بنتِ ابی بکرؓ کے صاحب زادے اور حضرت عائشہ صدیقہؓ کے بھانجے تھے، ایک تحریری مجموعہ تیار کیا تھا اور باقاعدہ اس کی تعلیم دیا کرتے تھے۔ یہی روایات بعد میں مشہور مؤرخین اسلام طبریؒ، ابن سعدؒ اور واقدیؒ وغیرہ کے کام آئیں، اسی موضوع پر مشہور تابعی وہب بن منبہؒ، محمد بن شہاب زہریؒ اور علی بن حسین زین العابدینؒ کے مجموعوں کا تذکرہ بھی تاریخ میں ملتا ہے۔(۱۱)

جب تدوین حدیث کا مرحلہ شروع ہوا تو جو پانچواں بڑا اختصاصی موضوع متعارف ہوا وہ شمائل

نبویہ کا موضوع تھا۔ اس سلسلے میں امام ترمذیؒ کی مشہور کتاب الشمائل المحمدیہ نمایاں مقام رکھتی ہے۔ اس موضوع پر اور بہت سی کتب بھی تصنیف ہوئیں۔

جوں جوں وقت گزرتا گیا، سیرت طیبہ کے موضوع پر موضوعاتی تصانیف کے ساتھ ساتھ اختصاصی سیرت نگاری بھی نئے نئے پہلوؤں کو اپنے دائرے میں سمیٹتے ہوئے ترقی کرتی چلی گئی۔

قرون اولیٰ کی اختصاصی سیرت نگاری میں بیانیہ اسلوب ہی زیادہ غالب نظر آتا ہے۔ اس دور میں معلومات کی جمع وتدوین کا زیادہ اہتمام کیا گیا۔ اس سلسلے میں وہ موضوعات، جو موضوعاتی سیرت نگاری میں ذیلی موضوعات یا ابواب شمار ہوتے تھے، وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ وہ مستقل کتابوں کا موضوع بنتے چلے گئے۔ بیانیہ اسلوب پر مرتب کی گئی کتب میں تدوین کے ابتدائی زمانوں میں مغازی وسیر، شمائل نبویہ، خطبات محمدیہ، مکاتیب گرامی، سیاسی وثائق، کاتبین وحی، نعلین مبارک، دلائل نبوت وغیرہ، اہم موضوعات ہیں۔ اس نوع کی کچھ کتب کے نام مقالے کے آخر میں ضمیمے میں دیکھے جاسکتے ہیں۔

اب رہا یہ سوال کہ بیانیہ اسلوب پر لکھی گئی کتب میں تربیتی پہلو کیا ہوسکتا ہے تو بہ ظاہر یہ صرف معلوماتی کتب نظر آتی ہیں، مگر جس دور میں بیانیہ اسلوب کا غلبہ تھا، وہ دور ہمارے دور سے کہیں مختلف تھا، وہاں قرآن مجید کی کسی آیت کا نازل ہوجانا، اس پر عمل کی تحریک کے لیے کافی شافی تھا۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم مکے کی تیرہ سالہ زندگی میں وفاداری کی ایسی تربیت فرما چکے تھے کہ لوگ اللہ اور اس کے رسول کی منشا تلاش کرنے کے لیے مارے مارے پھرتے تھے۔ یہاں اس کی چند مثالوں کی طرف اشارہ کافی ہے:

اس کی ایک مثال حضرت حنظلہؓ کا واقعہ ہے کہ آپ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی مجلس سے اٹھ کر گھر گئے اور بچوں کے ساتھ ہنسی مذاق میں مصروف ہوگئے، وہاں انہیں شک گزرا کہ شاید یہ کام ہم نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی تعلیمات کے خلاف کیا ہے تو وہاں سے نافق حنظلة کہتے ہوئے دوڑے، حضور کی خدمت میں جاکر اپنا حال بیان کیا۔ (۱۲) صحابہ کرام کی زندگیوں میں اس طرح کی مثالوں کی کمی نہیں، ان کے بعد ان کے راستے پہ چلنے والے تابعین نے بھی نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے نسبت رکھنے والی ہر چیز کو اپنے لیے حرز جاں بنایا۔

تجزیاتی اسلوب

اختصاصی سیرت نگاری کا تیسرا اسلوب تجزیاتی اسلوب ہے۔ بالعموم اس اسلوب پر لکھنے اور بولنے کا مقصد ابہام وتفہیم کو سہل بنانا اور عمل کی تحریک پیدا کرنا ہوتا ہے۔ اگر اسے نزول قرآن کے اسلوب و قرآنا

فَرَقْنٰهُ لِتَقْرَاَهٗ عَلَى النَّاسِ عَلٰى مُكْثٍ وَّنَزَّلْنٰهُ تَنْزِيْلًا (۱۳) سے تشبیہ دی جائے تو امید ہے، غلط نہ ہوگا۔

تجزیاتی اسلوب نے ایک دور میں کسی حد تک متکلمانہ اور مناظرانہ رنگ بھی اختیار کرلیا تھا، تاہم اپنی اصل کے اعتبار سے اس کا تربیتی اثر ہمیشہ نمایاں رہا۔

متکلمانہ اور مناظرانہ اسالیب کے درمیان میں فقہی سیرت نگاری کو ایک عمدہ تجزیاتی انداز قرار دیا جا سکتا ہے۔ اس موضوع پر شاید جامع ترین کتاب علامہ ابن قیم کی ''زاد المعاد'' ہے، جس میں انہوں نے سیرت کے تمام پہلوؤں کو بیان کرنے کے بعد ان سے نکلنے والے فقہی احکام بیان کیے ہیں، حتی کہ غزوات کے تذکرے اور صلح کی تفصیلات بیان کرنے کے بعد ان سے نکلنے والے احکام بیان کر دیے ہیں۔ انہوں نے ایک جلد نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے عدالتی فیصلوں کے تذکرے کے لیے مختص کی ہے۔

دور جدید میں اختصاصی سیرت نگاری کے تجزیاتی اسلوب نے مزید مقبولیت حاصل کر لی ہے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی زندگی کے ایک ایک گوشے کو سامنے رکھتے ہوئے جدید اصطلاحات پر مبنی کتابیں ایک تسلسل کے ساتھ شائع ہو رہی ہیں۔ مثال کے طور پر عہد نبوی میں نظام حکم رانی، نبی صلی اللہ علیہ وسلم بہ حیثیت معلم اخلاق، نبی صلی اللہ علیہ وسلم بہ حیثیت سپہ سالار، نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا سفارتی نظام، مدنی معاشرہ، خطابت نبوی وغیرہ، ایسے بیسیوں موضوع ہیں، جن پہ ایک نہیں کئی کئی کتابیں تسلسل کے ساتھ شائع ہو رہی ہیں۔ ان میں زیادہ تر اصطلاحات تو دور جدید کی ہیں، مگر ان میں استدلال اسوہ حسنہ ہی کیا جاتا ہے۔ مثال کے طور پہ کچھ اختصاصی کتب کے نام ضمیمے میں شامل کر دیے گئے ہیں۔ یہاں محض ایک کتاب بہ عنوان: بطل الأبطال مؤلفہ ڈاکٹر عبد الرحمن عزام کا تجزیاتی مطالعہ پیش کیا جا رہا ہے۔

بطل الأبطال کا تجزیاتی مطالعہ

جیسا کہ سطورِ بالا میں عرض کیا گیا کہ اختصاصی سیرت نگاری کے تجزیاتی اسلوب کی مثالیں کمی، کیفی اور موضوعاتی لحاظ سے ایک بڑی تعداد پر مشتمل ہیں۔ ان میں سے یہاں تجزیے کے لیے بطل الأبطال کا انتخاب کیا گیا ہے۔ یہ ایک عظیم مصری شخصیت کی تصنیف ہے، جو اپنی بھر پور مصروفِ عمل زندگی کے حوالے سے خود ایک ہیرو سے کم نہیں۔ یہ مؤلف عبد الرحمن عزام ہیں اور مصر میں دنیوی اعتبار سے بڑی شخصیات کے لیے بک اور باشا کے الفاظ استعمال کیے جاتے ہیں جو غالبًا ترکی القاب ہیں۔ اس کتاب پر اپنے مقدمے میں مؤلف کو بھی سابق شیخ الازہر اور مشہور مصری مفکر، مؤلف اور مفسر شیخ محمد مصطفی المراغی نے

عبدالرحمٰن بک العزام لکھا ہے۔ مصری قومیت رکھنے والے عبدالرحمٰن حسن عزام (۱۸۹۳ء-۱۹۷۶ء) عرب لیگ کے پہلے جنرل سیکرٹری تھے اور ۱۹۴۵ء سے ۱۹۵۲ء تک اس منصب پر فائز رہے۔ پھر ایک طویل عرصے تک سفارت کار اور ممبر پارلیمان کے طور پر نمایاں رہے۔ انہوں نے عثمانی ترکوں کے ساتھ مل کر سربوں کے خلاف جنگوں میں حصہ لیا۔ وہ روسیوں کے خلاف احمد شریف سنوسی کے ساتھ مل کر روتے رہے۔ وہ انگریزوں کے خلاف جنگوں میں بھی شریک رہے۔ پھر مصر میں علی ماہر پاشا کی وزارت کے دوران میں ۱۹۳۹ء میں وزیر اوقاف بنے۔ ایک بھرپور سیاسی اور اشرافی زندگی گزارنے کے ساتھ ساتھ ان کا علمی اور ادبی ذوق بھی اپنے وجود کی نشان دہی خود کرتا رہا۔ بطل الأبطال اور الرسالۃ الخالدۃ ان کی دو مشہور کتابیں ہیں۔

بطل الأبطال ایک مختصر تالیف اور جدید وقدیم کے حسین امتزاج کا مرقع ہے۔ یہ کل پندرہ مباحث پر مشتمل ہے، جس کی ترتیب کچھ یوں ہے:

۱۔ البحث عن الحق والثبات علیہ

۲۔ الشجاعۃ

۳۔ الوفاء

۴۔ زہدہ وقناعتہ

۵۔ تواضعہ وتیاسرہ

۶۔ تعبدہ ونسکہ

۷۔ عفوہ وصفحہ

۸۔ رحمتہ وبرہ

۹۔ فصاحتہ وبلاغتہ

۱۰۔ حسن سیاستہ وحکمتہ في تصریف الأمور

۱۱۔ الناحیۃ العسکریۃ في بدر

۱۲۔ دفاعہ عن حریۃ العقیدۃ

۱۳۔ مثل من سیاستہ

۱۴۔ اثر الدعوۃ المحمدیۃ

۱۵۔ عمر بن الخطاب

اس کتاب کو شاید فنی اعتبار سے اصول تدوین سے مکمل طور پر ہم آہنگ تالیف قرار نہ دیا جا سکے، کیوں کہ یہ مؤلف کی نشری تقاریر کا مجموعہ ہے، مگر چوں کہ سیرت نگاری کے اس نوع کا تربیتی پہلو واضح کرنا ہمارے پیشِ نظر ہے تو اس لحاظ سے اپنے عنوان سے لے کر حرفِ آخر تک اس کتاب کے جذباتی، تحلیلی، تقابلی اور استنتاجی اندازِ بیان کا مطالعہ تیر بہ ہدف معلوم ہوتا ہے۔ اس کی یہی خصوصیت اس مقالے کے لیے اس کے انتخاب کی وجہ بنی۔

یہ تقاریر مؤلف نے لگ بھگ ۱۹۳۶ء میں مصری ریڈیو پر کیں۔ کتاب کا عنوان جہاں ایک طرف تخیلاتی اور دیومالائی شخصیات کا تصور پیش کرتا ہے، وہاں جدید میڈیا کی اصطلاح کو بھی اپنے اندر سموئے ہوئے ہے۔ بطل الأبطال غالباً انگریزی کے مشہور ٹائٹل Hero of The Heroes کا عربی ترجمہ ہے اور مؤلف نے اس کتاب میں Heroes and Hero Worship کے مصنف تھامس کارلائل (Thomas Carlyle) کے حوالے بھی نقل کیے ہیں، جس میں اس نے ایک سو ہیروز کا تقابل پیش کیا ہے اور حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو Hero as a Prophet کا عنوان دے کر خاص اہمیت دی ہے۔ مگر کیا یہ عنوان ایک مسلمان مؤلف کی لکھی ہوئی سیرت کی کتاب کے لیے مناسب ہوسکتا ہے؟ مقالہ نگار کو ابھی تک اس بارے میں شرح صدر نہیں ہوسکا۔ اسی طرح کتاب کے متبادل عنوان سے، جو کہ لفظِ اوْ کے ساتھ اَبْرَزُ صِفَاتِ النَّبِی محمدِ صَلَی اللّٰہ علیہ وسلم ہے۔ نیز مقدمۂ کتاب میں مؤلف کے اپنے اعتراف سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ بطل اور Hero کے بھاری بھرکم الفاظ اور مسرحِ دوراں میں اس کی شان وشوکت کے باوجود سید البشر صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت کے لیے اس عنوان سے کچھ زیادہ مطمئن نہ تھے۔ سوال پیدا ہوتا ہے کہ انہوں نے اس کے باوجود یہ عنوان کیوں اختیار کیا؟ آیئے مؤلف کی زبانی اس کی وضاحت سنتے ہیں۔ کتاب کے مقدمے میں لکھتے ہیں:

> میرا ارادہ ہوا کہ قائدین عرب کے حالات کے بارے میں ریڈیو میں گفت گو کا ایک سلسلہ شروع کروں، جس میں یہ بتاؤں کہ اس محترم امت نے کیسے کیسے قائدین پیدا کیے؟ پھر جب میں نے ان کے حالات کا ایک تسلسل سے مطالعہ کیا اور ایک ایک کر کے قیادت کے درجات پر پہنچتا گیا تو میں اس کی بلند ترین چوٹی پر جا پہنچا، جہاں پہنچنے کے لیے یہ قائدین تمنا کرتے رہے، یہ تمنا انہیں بلند سے بلند مقام پر لے گئی اور جس اعلیٰ ترین مثال کو انہوں نے اپنے پیشِ نظر رکھا اور وہ بلندی کے درجات طے کرنے میں ان کے لیے معاون ثابت ہوئی، یہاں تک کہ ان کے دل عظمت اور قیادت کی صفات سے منور ہوگئے۔

پھر میں ان کے قائدانہ درجات تک پہنچنے کے اسباب کی تلاش میں نکلا کہ وہ کیسی رہنمائی تھی اور کیا تعلیم تھی، جو انہیں اس راہ پر لے کر چلی؟ میں چلتے چلتے بالآخر اس چشمے تک جا پہنچا، جس سے ان کی عظمتیں پھوٹی تھیں اور انہوں نے منزل کی راہ پالی، جس سے انہوں نے سفر کا آغاز کیا تھا۔ وہ کیا تھا؟ وہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی ہستی تھی۔ یہ وہی بلند ترین چوٹی تھی، جس کا قصد کر کے وہ نکلے تھے، یہی اعلیٰ ترین مثال تھی، جس نے انہیں بلند پرواز کا حوصلہ دیا۔ میں اس نتیجے پر پہنچا کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی رہنمائی ان کے قائدانہ مقامات کا سرچشمہ اور ان کی عظیم سیرت کا نقطۂ آغاز تھی۔(۱۴)

ایک طرف تو یوں مؤلف عظمتوں کی اوجِ ثریا قرار دے کر محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو اعظم العظما بتا رہے ہیں، مگر دوسری طرف ان کا دل اس نام پر مطمئن نہیں کہ مبادا یہ دیو مالائی نام سید البشر کے شایانِ شان نہ ہونے کی وجہ سے بے ادبی کا باعث نہ بن جائے، اپنے جذبات کا اظہار وہ ان الفاظ میں کرتے ہیں:

فحدثت نفسي أن ابدأ بسيرة بطل الابطال و امامهم، فأجلت الرسول الاعظم ان اسميه بَطَلا، و اتناول سيرته في حديث الأبطال(۱۵)

میں نے سوچا کہ اپنی گفت گو کا آغاز قائدین کے قائد اور ان کے امام کی سیرت سے کروں، مگر پھر خیال ہوا کہ نبی کریمؐ کی ذات اس سے بلند تر ہے کہ میں انہیں بَطَل کہوں اور ابطال کے متعلق گفت گو میں آپ کا تذکرہ کروں۔(۱۶)

اس کے بعد مؤلف اس کے لطیف تربیتی پہلو اور مخاطب کی رعایت کے مؤثر اصول کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہتے ہیں:

پھر میں نے سوچا کہ یہ گفت گو اس نوعیت کی ہے کہ جس کے مخاطب ماننے والے بھی ہیں اور نہ ماننے والے بھی، اسی طرح مسلم بھی اور غیر مسلم بھی۔ لہٰذا مجھے سید البشر کے بارے میں گفت گو ایسے کرنی چاہیے، جیسے بشر کے بارے میں کرتے ہیں، تا کہ ہر قسم کے لوگ اسے غور سے سنیں، خواہ ان کا مذہب کچھ بھی ہو اور وہ کسی بھی دین کے ماننے والے ہوں۔ پھر یہ اس سیرت کی اپنی شان ہے کہ وہ حتمی طور پر اپنے سننے والے کو ایسی منزل تک پہنچا دے گی، جس کے نیچے نیچے ہر ہیرو دم توڑ جاتا ہے، یہ سیرت خود ہی اپنے سننے والے کو اس ابدی پیغام کی طرف لے جائے گی۔ جس کی بنا پر صاحب سیرت ہر قسم کے بُطولت اور ابطال کے بارے میں گفت گو سے ورا الورا مقام پا گئے۔

یہ مؤلف کی نظر میں کتاب کے پہلے عنوان کا تربیتی پہلو ہے، اب اگر متبادل عنوان پر غور کیا جائے،

جوکہ متبادل ہی نہیں، متوازی بھی ہے اور بہ وقت ضرورت ناسخ بھی بن سکتا ہے تو وہ اپنی سادگی اور وضاحت میں الشمائل المحمدیۃ کی قبیل سے نظر آتا ہے اور اگر بطل الأبطال کو سامنے رکھ کر اس پر مؤلف کے اپنے اور سامعین و قارئین کے متوقع تحفظات کی طرف دیکھتے ہوئے دوسرے عنوان أبرز صفات النبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو اس کا ذیل قرار دیا جائے تو اس کی ایک گونہ مماثلت مشہور جاہلی شاعر اور صاحبِ معلقہ زہیر بن ابی سلمی کے اس قول سے ہو جاتی ہے:

عموا صباحا غیر هرم

وخیر کم استثنیت (۱۷)

تم سب کو صبح بہ خیر، ہرم کے علاوہ، اور جو تم سب میں بہتر تھا اسے تو میں نے مستثنیٰ ہی کر دیا۔

اس کا پس منظر یہ ہے کہ شاعر نے جب ہرم بن سنان کی تعریف کچھ زیادہ ہی کرنا شروع کی تو ہرم نے قسم کھالی کہ اب جب بھی زہیر میری مدح کرے گا، میں اسے انعام دوں گا اور جب مجھ سے مانگے گا تو میں اسے دوں گا اور جب مجھے سلام کرے گا تو ایک اونٹنی اور ایک غلام تحفے میں دوں گا۔ اس بات نے شاعر کو بھی مشکل میں ڈال دیا، کیوں کہ اس سے قبل ہرم بن سنان اور حارث بن عوف وغیرہ دیت دے کر اسے چھڑا چکے تھے۔ شاعر نے اس نئی پیش کش کو اپنی عزت نفس کے خلاف سمجھا اور ہرم سے پہلوتہی کرنے لگا اور اگر کسی مجلس میں اس سے آمنا سامنا ہوتا تو درج بالا الفاظ کے ساتھ سلام کرتا۔

بندہ مقالہ نگار کو بھی کتاب کے ان دونوں عناوین میں کچھ اسی طرح کی مناسبت معلوم ہوتی ہے کہ مؤلف نبی مکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو بطل الأبطال کہنا بھی چاہتے ہیں، مگر ادب مانع آجاتا ہے، کیوں کہ وہاں تو

تیرا انداز امیری نہیں فقیری ہے

کا سماں ہے، تو مؤلف اسے ذکر کرنے کے بعد اولگاتے ہیں اور پھر کہہ دیتے ہیں: أبرز صفات النبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم، واللہ اعلم۔

باقی جہاں تک دوسرے عنوان کے تربیتی پہلو کا تعلق ہے تو أبرز صفات النبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم سنتے ہی دل و دماغ اس ارشاد باری تعالیٰ کی طرف متوجہ ہوتے ہیں: لقد کان لکم فی رسول اللہ اسوۃ حسنۃ.

کتاب کا مقدمہ سابق شیخ الازہر اور مشہور مصری مفکر، مؤلف اور مفسر شیخ محمد مصطفیٰ المراغی نے لکھا ہے۔ اس کے بعد مقدمہ طبع اول، مؤلف کا لکھا ہوا ہے، جس پر ۲۲ رمضان ۱۳۵۷ھ بہ مطابق ۱۵ نومبر ۱۹۳۸ء کی تاریخ لکھی ہے اور اس کے بعد مؤلف کا نام ہے۔ اس کے بعد مقدمہ طبع جدیدہ بھی مؤلف نے

لکھا ہے، جس سے یہ تعین تو نہ ہو سکا کہ اس کتاب کے کتنے ایڈیشن شائع ہو چکے ہیں، مگر کم از کم یہ معلوم ہو جاتا ہے کہ یہ ایک سے زیادہ بار شائع ہو چکی ہے۔

کتاب کا متن، جیسا کہ پہلے ذکر کیا گیا ہے، پندرہ مباحث پر مشتمل ہے۔ پہلے مبحث کا عنوان البحث عن الحق والثبات علیہ ہے، جب کہ آخری مبحث عمر بن خطابؓ کے بارے میں ہے۔ ان مباحث کی ترتیب اور ان کے مندرجات کو دیکھا جائے تو ان کے اندر ایک شعوری اور اثر انگیز تربیتی ربط نظر آتا ہے۔ مثلاً آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر شروع میں جب وحی نازل ہوئی تو آپ بالکل اکیلے تھے، اس وقت آپ نے کیسے حق کو بیان کیا اور اس پہ کس طرح ثابت قدم رہے، اس کے بعد اس راستے میں آنے والی مشکلات کا کس بہادری سے مقابلہ کیا اور تمام تر مشکلات کے باوجود دوسروں سے تعلق کو کس انداز سے نبھایا، وعدے کیے تو وفا کی، عہد کیے تو پورے کیے، دنیا نے عزت سے پکارا اور بڑا نام ملا تو انہوں نے عجز وانکساری کو اپنا شیوہ بنایا، کسی سے غلطی ہو بھی گئی تو طاقت کے باوجود بدلہ لینے کی بہ جائے عفو و درگزر سے کام لیا۔ مشکلات وتنگی کے دور میں آپ نے کیسے قناعت کا مظاہرہ فرمایا اور پھر مشکلات کا دور گزرنے کے بعد جب ہر طرح کا اقتدار حاصل ہو گیا تو پھر بھی آپ دنیا کی رنگینیوں وآسائشوں سے بے رغبت رہے، تواضع، عاجزی وانکساری، بے انتہا عبادت وریاضت، عفو ودرگزر، دریا دلی آپ کا شعار رہا۔ دوران حکومت اپنی رعایا کی خیر خواہی کی بے نظیر مثالیں قائم کیں۔

آپ کا اندازِ گفت گو کیا نرالا تھا، جس میں آپؐ نے بے مثال فصاحت و بلاغت سے کام لیا، یہاں تک کہ اگر کسی نے مختصر ترین نصیحت کا مطالبہ کیا تو آپ نے اسے اس کی مرضی کے مطابق مختصر ترین انداز میں احکام اسلام سمجھائے۔ ریاستی معاملات میں آپؐ نے کمال تدبر اور سیاسی بصیرت سے کام لیا، یہاں تک کہ دشمن بھی اپنے جھگڑوں کے فیصلے آپ سے کرواتے تھے۔ بہ حیثیت سربراہ اور سپہ سالار آپؐ نے کیسی جنگی تدابیر اختیار کیں کہ مٹھی بھر ساتھیوں کے ساتھ کئی گنا طاقت ور دشمن کو شکست فاش سے دوچار کیا۔ صلح کی تو معاہدے پورے کیے، خواہ اس کے لیے ذہنی اذیت اٹھانی پڑی، دوسروں کی مذہبی آزادی کا کمال احترام کیا اور کمال فراست سے ممکنہ نزاعات کا سدباب کیا اور جانی دشمنوں کو اپنی سیاسی بصیرت سے اپنا گرویدہ کر لیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی اس دعوت اور رویے کا نتیجہ یہ نکلا کہ دس سال کے مختصر عرصے میں عرب وعجم آپ کی غلامی کو اپنا عروج سمجھنے لگے اور ایک ایسا معاشرہ تیار ہوا، جس کی مثال دنیا میں کہیں نہیں ملتی، جو کل آپس میں دشمن تھے، آج شیر وشکر ہو گئے اور ایک دوسرے پر جان دینے والے بن گئے۔ مؤلف نے کمال فراست سے مشتِ نمونہ از خروارے کے طور پر آخری مبحث حضرت عمر بن خطاب کے بارے

میں دے کر اس مثالی معاشرے کی مثال پیش کی، جس کی ہمہ جہت تربیت محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے اس قلیل عرصے میں کی۔

ہم کتاب کے مضامین اور مواد کی علمی اور تدوینی خصوصیات پر نظر ڈالتے ہوئے اس کی ابتدا صاحبِ مقدمے کے الفاظ سے کرتے ہیں۔ یاد رہے کہ اس کتاب کا مقدمہ شیخ محمد مصطفیٰ المراغی نے لکھا ہے۔ یہ مقدمہ کل چار پیراگرافوں پر مشتمل ہے۔ دوسرے پیراگراف کا ہر ہر جملہ کتاب کی کم از کم ایک ایک خصوصیت پر مشتمل ہے، شیخ مراغی لکھتے ہیں:

وقدأحسن الأستاذ عبدالرحمٰن بك عزام اذا اختار للاذاعة موضوعاً رائعاً جليلا، فيه من العبرة والعِظةِ، ومن المَثل والأ سوة، ما لا ينفد على طول التفكر والتدبر، هو سيرة خاتم النبين محمد ﷺ، وأحسن مرة أخرى حين تناول السيرة من الناحية الخلقيه، والناس اليوم أحوج ما كانوا الى أن يهتدوا بأخلاق محمد، ويقبسوا من نورهِ. تناول السيرة المحمدية، فبين أخلاق الرسول الكريم، و فصل القول في صفاته الكريمة، على قدر ما وسع الحديث، و أذن المقام، وزاد احساناً اذا ستخلق هذه السيرة الكريمة من الحادثات، فقرنها بحججها، وعرضها في نور براهينها، فلم يرسل القول دعاوَى يعوزها، ويلتمس لها الدليل، بل جاء بالدعوى في شهود عدل، من الواقعات البينة، والروايات الصادقة

عالی قدر جناب عبدالرحمٰن عزام صاحب کا حسنِ انتخاب کمال کا تھا کہ انہوں اپنی نشریاتی تقریروں کے لیے ایسے عمدہ موضوع کا انتخاب کیا، جس میں درس ونصیحت اور اسوہ وقدوہ کا ایسا سامان ہے کہ طویل عرصے تک غور وفکر کا موضوع رہنے کے بعد بھی اس کے عجائب وکمالات ختم نہیں ہوتے۔ اس سے میری مراد سیرت ختمی مرتبت کا موضوع ہے۔ ان کے حسنِ انتخاب میں کمال کا ایک اور رنگ یہ ہے کہ انہوں نے سیرتِ پاک کا اخلاقی پہلو منتخب کیا۔ آج انسانیت کو حضرت محمد ﷺ کے اخلاق کریمہ کو اپنا رہ نما بنانے کی شدید ترین ضرورت ہے، تاکہ وہ اس کے نور سے اپنے دِل کے دیے جلا سکیں۔ انہوں نے سیرت کو موضوع گفت گو بنا کر رسولِ کریم ﷺ کے اخلاقِ کریمہ کی وضاحت کی اور آپ ﷺ کی صفاتِ عالیہ کو عام فہم انداز میں اس طرح بیان کیا، جس طرح اس گفت گو اور سامعین کی سطح

فہم و معرفت کا تقاضا تھا۔ ان کا انداز بیان اس لحاظ سے بھی قابلِ داد ہے کہ انہوں نے حالات و واقعات سے اخلاقِ کریمہ کا استنباط کر کے ان کی حقیقی روح کے ساتھ انہیں بیان کیا، انہیں دلائل کے ساتھ مزید واضح کیا اور ان کے براہین کی روشنی میں انہیں پیش کیا۔ انہوں نے ایسا نہیں کیا کہ اپنی باتوں کو دعوے کی صورت میں بولتے جائیں، جنہیں دلیل کی ضرورت ہو اور وہ دلیل بعد میں تلاش کرنی پڑے، بل کہ انہوں نے جو دعویٰ کیا، اسے عادل گواہوں کی موجودگی میں پیش کیا، جو واضح واقعات اور سچی روایات کی صورت میں دعوے کے ساتھ ساتھ رہے۔

اس پیراگراف سے کتاب کی درج ذیل خصوصیات معلوم ہوتی ہیں:

۱۔ اس کا موضوع نفیس اور عظیم ہے۔

۲۔ اس میں نصیحت، درس قائدانہ کردار اور قابل تقلید نمونہ موجود ہے۔

۳۔ موضوع کی وسعت اور گہرائی ایسی ہے کہ طویل غور و خوض اور تدبر سے بھی اس کے کمالات ختم نہیں ہوتے۔

۴۔ یہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرتِ طیبہ کا موضوع ہے۔

۵۔ مؤلف نے سیرتِ طیبہ کے اخلاقی پہلو کا انتخاب کیا ہے۔

۶۔ آج کے دور میں محمد ﷺ کے اخلاق سے رہنمائی حاصل کرنا اور آپ کے نور سے اپنی زندگی کو روشن کرنا لوگوں کی سب سے بڑی ضرورت ہے۔

۷۔ اخلاقِ نبویہ اور سیرتِ محمدیہ پر گفت گو کرتے ہوئے مؤلف نے نبی کریم ﷺ کی صفات شریفہ کو نہایت وضاحت سے بیان کیا ہے، مگر اس کے ساتھ اس بات کا بھی پورا انتظام کیا ہے کہ موقع محل اور مخاطب کے فہم و ادراک کا دائرہ وسعتِ کلام سے ٹوٹنے نہ پائے۔

۸۔ اس کتاب کی ایک اور بڑی خصوصیت یہ ہے کہ مؤلف نے سیرتِ طیبہ کے نمونے احداث اور وقائع سے لیے ہیں، جو کہ معاشرے کے ساتھ ربط کا ایک واضح ثبوت ہے۔

۹۔ سیرت کے جو احداث اور وقائع مؤلف نے ذکر کیے ہیں، ان کے ساتھ ان کے دلائل بھی پیش کیے ہیں اور ان دلائل کی روشنی میں انہیں خوب واضح کیا ہے۔ گویا دلیل تلاش کرنے کا کام انہوں نے سامع یا قاری پر نہیں چھوڑ دیا، بل کہ اپنے دعوے کو عادل گواہوں کی مدد سے ثابت کیا ہے۔

۱۰۔ جو دلائل مؤلف نے بیان کیے ہیں، وہ واضح واقعات اور قابل اعتماد روایات پر مشتمل ہیں۔

یہ چند امتیازی خصوصیات ہیں، جو شیخ مصطفیٰ المراغی جیسے مفکر اور محقق نے اس کتاب پر اپنے سوا صفحے کے مقدمے میں ایک پیراگراف میں جمع کر دی ہیں۔ ذیل میں کتاب کی کچھ دیگر خصوصیات پر نظر ڈالتے ہیں۔

اگر عنوان پر بہ غور نظر ڈالی جائے تو وہ مؤلف کے اپنے علمی، ثقافتی اور معاشرتی پس منظر کی غمازی کرتا ہے۔ مؤلف اپنے وقت کے عظیم سیاسی رہنما، علمی محقق اور معاشرتی مدبّر تھے۔ انہوں نے پہلی عالمی جنگ میں حصہ لیا۔ شاہ مصر فاروق کے دور حکومت میں وزارت کے منصب پر فائز رہے، عرب لیگ کے مؤسسین میں ان کا شمار ہوتا ہے اور اس کے پہلے سیکریٹری جنرل بھی رہے۔ معاشرے میں وسیع پیمانے پر مصر، ترکی، لیبیا اور مختلف ممالک کے سفر اور وہاں کی اقامت ان کی زندگی کا حصہ رہا اور موافقت ومخالفت کے وسیع تجربات انہیں حاصل ہوئے، اس سے اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ معاشرے کی تشکیل اور اس میں اعلیٰ اقدار کے فروغ کے لیے ان کے پاس کس قدر مواد اور کیسے جذبات ہوں گے۔ دنیا میں کس طرح آئیڈیل شخصیات کو بنتے، بلندیاں پاتے اور پھر ٹوٹتے ہوئے دیکھا ہوگا، ان وادیوں کے پرپیچ سفر اور ان گھاٹیوں کے نشیب وفراز سے ہو کر حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی شخصیت اور آپ کی قیادت کے بے مثال نمونہ ہونے پر ان کی نظروں کا ٹک جانا، محض جذبات عقیدت اور احترام کا نتیجہ معلوم نہیں ہوتا، بل کہ یہ منزل انہیں تجربے اور بصیرت کی بنا پر حاصل ہوئی، جس کا اظہار انہوں نے اپنے سامعین اور اپنے قارئین سے کرنے کی ٹھانی۔

اس کتاب کے مضامین پر تجزیاتی نظر ڈالی جائے تو درج ذیل باتیں قابل التفات نظر آتی ہیں:

ا۔ انتخاب موضوعات

سیرت طیبہ کے مؤلفؒ نے ایسے موضوعات منتخب کیے ہیں، جو انسان کی شخصی تعمیر وتربیت سے لے کر اس کے معاشرتی مقام، حتیٰ کہ اس کے اندر قائدانہ صلاحیتیں پیدا کرنے کے لیے بہت پُر اثر اور پُر مغز نظر آتے ہیں۔ شاید دور جدید میں تشکیل پانے والے قیادت سازی کے مستقل مضمون اور افراد سازی کے وسیع کورسز بھی اپنے اندر وہ اثر نہ رکھتے ہوں، جو سیرت طیبہ کے ان مضامین میں ہے۔ چناں چہ کتاب کے کل پندرہ مضامین میں سے پہلا مضمون البحث عن الحق والثبات علیہ، یعنی حق کی تلاش اور اس پر ثابت قدمی اختیار کرنا ہے۔ یہ عموماً انسانی کمزوری ہے کہ وہ اپنے افکار ونظریات کو ہی حق سمجھتا ہے، خواہ اسے نظریات ورثے میں ملے ہوں یا خود بہ خود اس کے ہاں تشکیل پا گئے ہوں، حق کو تلاش کر کے اس کی اتباع کرنا اور

اس پر ثابت قدمی اختیا کرنا معاشرے میں عموماً ناپید ہوتا ہے، مگر جس انسان میں یہ تڑپ پیدا ہو جائے، اس کی شخصیت ہر لحاظ سے ایک نمایاں مقام پا جاتی ہے۔ پھر یہ مؤلف کا کمال انداز بیان ہے کہ کتاب کے عنوان بطل الأبطال کی طرح اس مضمون کا عنوان بھی شان نبوت سے مطابقت کے سلسلے میں کچھ تشنہ سا نظر آتا ہے، کیوں کہ نبوت کا سلسلہ تو وحی کے ساتھ مربوط ہوتا ہے اور وحی کو تلاش کرنے کی ضرورت نہیں ہوتی، مگر چوں کہ کتاب کا انداز تربیتی ہے اور اس کی مخاطب امت دعوت اور امت اجابت دونوں ہیں، اس لحاظ سے یہ مضمون تعمیر شخصیت کی اساس نظر آتا ہے، تلاش حق کی جو صفات ایک انسان میں ہو سکتی ہیں، اس مضمون میں سے صرف ایک اقتباس پر اکتفا کرتے ہیں، مصنف کہتے ہیں:

> محمد ﷺ وحی آنے سے پہلے اور رسول بننے سے پہلے ہی عظیم تھے، بچپن سے انہیں بت پرستی سے نفرت تھی، حال آں کہ بت ان کے آباواجداد کے ''اللہ'' تھے اور جزیرہ عرب میں ان کی شان وشوکت کا سرچشمہ تھے۔ اسی طرح محمد صلی اللہ علیہ وسلم بچپن سے ہی سچے، وفادار، محبوب ومحترم اور اپنی قوم میں معزز ومکرم تھے، یہاں تک کہ پوری قوم میں امین کا لقب پایا۔ ان کی جوانی پاکیزہ اور عفت مآب تھی۔ اس کو دیکھ کر قریش کے عظیم ترین اور نہایت دولت مند اور اعلیٰ نسب خاتون نے انہیں ان کے فقر کے باوجود شادی کی دعوت دی۔

اس کے بعد مصنف نے حق پر ثابت قدمی کی بہت سے مثالیں دی ہیں۔

کتاب کے دوسرے مبحث کا عنوان شجاعت ہے، انسان کو حق معلوم ہو جائے تو اس پر ثابت قدمی دو طرح سے ہو سکتی ہے، ایک یہ کہ مخالفین سے مقابلے کی طاقت نہ ہو، پھر بھی انسان حق پر ثابت قدمی اختیار کرتے ہوئے اپنی جان اور مال کا نذرانہ پیش کر دے اور ثابت قدمی کا دوسرا پہلو یہ ہے کہ انسان جرأت کے ساتھ آگے بڑھ کر حق کا دفاع کرے۔ حضرت محمد ﷺ نے دفاعی اور اقدامی دونوں انداز، حق پر ثابت قدمی کے لیے اختیار کیے۔ اگر دفاعی انداز میں محمد ﷺ کا یہ ارشاد منقول ہے کہ یہ لوگ اگر میرے دائیں ہاتھ پر سورج اور بائیں ہاتھ پر چاند رکھ کر مجھے یہ کام چھوڑنے پر آمادہ کرنا چاہیں تو میں اسے نہیں چھوڑوں گا۔ یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ اسے غالب کر دے یا میں اس کی راہ میں قربان ہو جاؤں۔ (۱۸)

دوسری طرف کفار کی اذیت پر صبر اور غزوات میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا جرأت و بہادری سے شریک ہونا ثابت قدمی کا دوسرا پہلو واضح کرتا ہے۔

کتاب کے تیسرے مبحث کا عنوان وفا ہے۔ مکی زندگی میں مشرکین کی جفاؤں کے مقابلے میں وفا کا معیار قائم کرنے سے لے کر مدنی زندگی میں یہود کے ساتھ معاہدے اور پھر پرانے دشمنوں، یعنی مشرکین

کے ساتھ صلح حدیبیہ میں سہیل بن عمرو کی ضد کے مقابلے میں اپنی وفاؤں سے فتح مبین کی راہ ہموار کرتے نظر آتے ہیں۔ یہاں اگر ہم ہر مبحث سے مثالیں پیش کریں تو بات بہت لمبی ہو جائے گی۔

مؤلف نے اس انداز سے ان مضامین کو ترتیب دیا ہے کہ اس کتاب کو تعمیر شخصیت اور تعمیر معاشرہ یا آج کے دور میں فنِ قیادت کا نصابِ تعلیم و تربیت قرار دیا جا سکتا ہے۔ کتاب کے عنوان اور اس کے مضامین کے بارے میں گفت گو کے بعد اس کے دیگر چند پہلوؤں کی طرف اشارہ ضروری ہے۔

کتاب کا مواد

کتاب میں پیش کیا گیا مواد چار طرح کا ہے، جس میں دینی نصوص، جو زیادہ تر قرآن وحدیث پر مشتمل ہے، تاریخی حقائق، عربی اشعار اور مستشرقین کے اقتباسات اور مؤلف کے اپنے تجزیے اور تبصرے شامل ہیں۔ اس علمی مواد میں کوئی خاص تدوینی ترتیب نہیں ہے، بل کہ خطیبانہ اسلوب اس پر غالب ہے، اگر چہ وہ علمی مواد اور مسلسل اقتباسات سے بھرپور ہے۔

اسلوبِ نگارش خطیبانہ ہونے کے باوجود تجزیاتی ہے، مؤلف ہر موضوع کی تمہید باندھتے ہیں، اس کے لیے حالات کا ایک نقشہ پیش کرتے ہیں اور اس میں مذکورہ علمی مواد میں، جو علمی مواد مناسب معلوم ہو، اس سے اس نقشے میں رنگ بھرتے ہیں۔

حواشی

۱۔ سبل الهدی والرشاد، محمد بن یوسف الصالحی الشامی، دار الکتب العلمیہ، بیروت: ج۱، ص۳۹۰

۲۔ صحیح بخاری: کتاب الجمعۃ، باب سؤال الامام الناس اذ اقحطوا

۳۔ نقوش: رسول صلی اللہ علیہ وسلم نمبر۱۲، ص۳۵

۵۔ لسان العرب، ابن منظور افریقی (شعر)

۶۔ بحر وافر، قصیدے کے اشعار: ۲۔ دیوان حسان: قافیۃ الألف، وأحسن منک ......ج۱، ص۲، المستطرف في کل فن مستظرف، الأبشهی، باب في المدح والثناء، الفصل الأول في المدح والثناء، المکتبۃ الشاملۃ: ج۱، ص۲۳۱

۷۔ المستطرف فی کل فن مستظرف، الفصل الأول في المدح والثناء: ج۱، ص۲۳۱

۸۔ صبح الأعشی، قلقشندي، النوع العاشر، الصنف الثالث: النبات، المقصد الأول، الأصل الخامس، القدرۃ علی الاختراع، المکتبۃ الشاملۃ: ج۱، ص۳۰۲

۹۔ ان میں سے اکثر کتابیں طبع ہو چکی ہیں اور ان کے ناشرین کے نام ضمیمے میں دیکھے جا سکتے ہیں۔

۱۰۔ خطبات بہاولپور، ڈاکٹر محمد حمید اللہ، ادارہ تحقیقاتِ اسلامی، اسلام آباد، دوسرا خطبہ: تاریخِ حدیث شریف،

ص۵۹، ۶۰

۱۱۔ محاضراتِ سیرت، ڈاکٹر محمود احمد غازی، دوسرا خطبہ، ص ۷۷

۱۲۔ محاضرات سیرت، تیسرا خطبہ: ص۱۵۹ سے ۱۶۱

۱۳۔ بنی اسرائیل: ۱۰۶

۱۴۔ صحیح مسلم: کتاب التوبۃ، باب فضل دوام الذکر والفکر في أمور الآ خرۃ، والمراقبۃ وجواز ترک ذٰلک في بعض الأ وقات والاشتغال بالدنیا، داراحیاء التراث العربي، بیروت: ج ۴، ص ۲۱۰۶، رقم ۲۷۵۰

۱۵۔ بطل الأ بطال، عبدالرحمٰن عزام، مقدمہ، طبع اول......

۱۶۔ راقم کی خوش قسمتی کہ جب میں مقالہ پیش کرر ہا تھا تو اس مجلس میں ڈاکٹر ایس ایم زمان صاحب بھی تشریف فرما تھے۔ انہوں نے کمالِ شفقت سے بندے کی حوصلہ افزائی بھی فرمائی اور مصنف اور راقم دونوں کے عقدے کو اس طرح حل فرمادیا کہ سیرت پاک کے سیاق میں بطل الابطال کا انگریزی ترجمہ Hero of the Heroes کرنے کی ضرورت نہیں، جس سے نبی کریم ﷺ کے شایانِ شان نہ ہونے کا گمان ہو، بل کہ اس کا صحیح ترجمہ The greatest of the greats ہوگا۔ یہ ایک کمال رہ نمائی تھی، اس لیے مناسب معلوم ہوا کہ مقالہ چھپنے سے پہلے اس تجویز کو بھی شامل کردیا جائے۔

۱۷۔ شرح المعلقات السبع، حسین بن احمد بن حسین الزوزني، داراحیاء التراث العربي: ج ۱، ص ۱۲۱

۱۸۔ بطل الابطال: ص ۴

بیانیہ سیرت نگاری

۱۔ آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم بہ حیثیت سپہ سالار، رئیس احمد جعفری، شیخ غلام علی اینڈ سنز، پبلشرز، کراچی۔

۲۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا نظام جاسوسی، محمد صدیق قریشی، فرید بک ڈپو، نئی دہلی انڈیا۔

۳۔ پیغمبر امن (ﷺ)، کیرن آرمسٹرانگ، نگارشات، پبلشرز، لاہور۔

۴۔ رسول اکرم ﷺ اور رمضان المبارک، شیریں زادہ۔ خدوخیل، الفیصل، لاہور۔

۵۔ نبی اکرم ﷺ کی مسکراہٹیں، علی اصغر چوہدری، سنگ میل پبلی کیشنز، لاہور۔

۶۔ نبی اکرم ﷺ بہ طور رہبر تقوی، ڈاکٹر لیاقت علی خان نیازی، سنگ میل، لاہور۔

۷۔ ذوق مصطفی ﷺ، منصور احمد بٹ، حیدر پبلی کیشنز، لاہور۔

۸۔ چہرہ نبوت، حنیف ندوی، علم وعرفان، پبلشرز، لاہور۔

۹۔ مسلم اعظم ﷺ، منورہ نوری حنیف، ادارہ اشاعت مصطفائی، دہلی۔

۱۰۔ محمد عربی ﷺ انسائیکلوپیڈیا، ڈاکٹر ذوالفقار کاظم، بیت العلوم، لاہور۔

۱۱۔ اسوہ حسنہ اور علم نفسیات، سعدیہ غزنوی، الفیصل، لاہور۔

۱۲۔ نبی کریم ﷺ بہ حیثیت سپہ سالار، عبدالرحمن کیلانی، مکتبہ اسلام، لاہور۔

۱۳۔ معرفت اسم محمد ﷺ، متین خالد، فاتح پبلشرز، لاہور۔

